Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۴) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۶ ذی الحجہ ۱۳۵۷ھ مطابق ۲۸ جنوری ۱۹۳۹ء

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۵ جنوری ۱۹۳۹ء

مرتبہ عرضداشت جناب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر بابت عطائے صدور حکم منظوری تقرر سعادت علیخاں گیڈیٹ سرراہ کار بجائے عاشق علیخاں سرراہ کار تحصیل شاہ آباد برخاست شدہ بمشاہرہ ابتدائی گریڈ صہ روپیہ صراحت کامتا پرشاد ضلعدار سے عاشق علیخاں کے زمانہ معطلی میں عارضی طور پر سرراہ کاری کا کام لینا شروع کر دیا گیا تھا۔ نامبردہ نے سرراہ کاری کا کام اچھا انجام نہیں دیا اور وصول حلقہ کا خراب ہا۔ لہذا وہ (بعد منظوری تقرر سعادت علیخاں مذکور) ضلعداری پر واپس ہو جائیگا۔

حکم

بجگہ پوسٹ سعادت علیخاں گیڈیٹ سرراہ کار کو بجائے عاشق علیخاں سرراہ کار برخاست شدہ ۵۰ روپیہ ماہوار پر مقرر کیا جانا منظور ہے۔ کامتا پرشاد ضلعداری پر واپس ہو۔ بمشتہرہ صدر سے احکام صادر و جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم۔

بغرض تعمیل آئندہ ضابطہ بخدمت جناب اسسٹنٹ منیجر صاحب ارسال ہو۔ [illegible] جنوری ۱۹۳۹ء
دستخط صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر

منشی کامتا پرشاد کو حلقہ ٹانڈہ تحصیل شاہ آباد پر ضلعدار مقرر کیا جاتا ہے اور رفیع الدین ضلعدار حلقہ ٹانڈہ کا تبادلہ حلقہ سوار تحصیل شاہ آباد میں کیا جاتا ہے۔ جندخاں ضلعدار حلقہ [illegible] کے تبادلہ کا حکم دیگر کاغذات پر ہو چکا ہے۔ بمشتہرہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ ۱۸ جنوری ۱۹۳۹ء
دستخط اسسٹنٹ منیجر صاحب علاقہ عام

حکم:- ۷ جنوری ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مسودہ ملاحظہ ہوا۔ سکریٹری کمیٹی وضع قوانین کے پاس مرسل ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض — جناب عالی — [illegible]

مسودہ "قانون اسٹیمپ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء" مرتبہ قائممقام جناب صاحب ایڈووکیٹ جنرل بہادر اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ جنوری ۱۹۳۹ء میں پیش ہوا۔ کونسل کو اتفاق ہے کہ مسودہ قانون مذکور اول بغرض حصول رائے عامہ درج گزٹ کیا جائے۔ لہذا عرضداشت ہذا بابت عطائے صدور حکم اندراج گزٹ بغرض حصول رائے عامہ حضور عالی میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

زیر دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل
مورخہ ۱۶ جنوری ۱۹۳۹ء

نوٹ:- قانون مذکور گزٹ کے آخر میں ملاحظہ فرمایا جائے۔

حکم:- واقع ۲۲ جنوری ۱۹۳۹ء

مرتبہ عرضداشت جناب میر ترتیب صاحب ملٹری منسٹر بہادر بابت عطائے صدور حکم منظوری تصحیح تاریخ استقلال پنشن مبلغ ۵۰ روپیہ ماہوار ریٹائرڈ کپتان صاحبزادہ سید یوسف جمال خاں بہادر افسر کمانڈنگ [illegible] رامپور رجمنٹ انفنٹری

از یکم دسمبر ۱۹۳۸ء بجائے یکم نومبر ۱۹۳۸ء
منظور شدہ بحکم ۱۵ دسمبر ۱۹۳۸ء -

حکم

بموجب رپورٹ - تصحیح تاریخ استقلال پنشن منظور ہے -
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -
دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم -

روبکار :- واقع ۲۳ جنوری ۱۹۳۹ء

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

لفٹنٹ مرزا فاروق بیگ اے ڈی سی اپنی خدمات نہایت محنت اور مستعدی سے انجام دیتے ہیں - ٹریننگ کے ساتھ وہ اے ڈی سیز میں ڈیوٹی کے بھی برابر پابند رہے - انکی فوجی ٹریننگ مکمل ہوچکی ہے - لہذا انکو کپتان رینک پر ترقی عطا کیجاتی ہے - اس رینک کی تنخواہ ملیگی - مد مشاہرات فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں گنجائش ہے - وہاں سے بقدر سالِ حال ستر روپیہ عہ کی منتقلی بمد مشاہرات آرمی ہیڈکوارٹرز منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - آرمی آرڈر جاری ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

---

روبکار :- واقع ۲۳ جنوری ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بحالت میں اے ڈی سیز اور میجر امتیاز حسین اسٹاف سرجن کو شبانہ روز قلعہ میں رہنا ہوتا ہے صافہ کا استعمال انکے لئے تکلیف دہ ہے - لہذا بنظر ماتحت نوازی بجوز خاص مخملی گول ٹوپی استعمال کرنے کی اجازت دیجاتی ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو -

حکم :- واقع ۲۳ جنوری ۱۹۳۹ء

مرتبہ عرضداشت صاحب ڈائرکٹر بہادر زراعت باستدعائے صدور حکم مستقلی مسمی محمد صدیق خاں فیلڈمین بمشاہرہ موجودہ عہ از ختم مدت امتحانی چھ ماہ بتاریخ ۱۳ جنوری ۱۹۳۹ء وحسن کارگذاری - بدیں صراحت کہ تنخواہ بدستور رورل ریکنسٹرکشن فنڈ سے پائیگا -

حکم

بموجب رپورٹ محمد صدیق خاں فیلڈمین کو ختم مدت امتحانی سے بہ تنخواہ موجودہ مستقل کیا جانا منظور ہے -
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -
دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم -

حکم :- واقع ۲۳ جنوری ۱۹۳۹ء

مرتبہ عرضداشت فارعالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر باب منظوری تبادلہ مسمی محمد شبیر کلرک دفتر صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر مشاہرہ دار عہ بدفتر صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر بلحاظ کثرت کار مراسلت انگریزی و منتقلی تنخواہ مذکورہ از بجٹ دفتر صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر

بدیں صراحت کہ دفتر صاحب موصوف
میں کام زیادہ نہیں ہے۔ جسقدر کام بھی ہے
وہ باقاعدت کلرک انجام دے سکتا ہے۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ سید محمد شبیر کلرک دفتر صاحب
ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر کو دفتر صاحب پرائیویٹ
سکریٹری بہادر میں مع منتقلی تنخواہ تبدیل کیا جانا منظور ہے۔
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وحکم

حکم:- ۲۶ رجنوری ۱۹۳۹ء

وزیدہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب
آرمی منسٹر بہادر باستدعائے صدور
حکم منظوری مستقل پنشن مبلغ چونتیس روپیہ
ماہوار ریٹائرڈ لفٹنٹ محمد جان خاں
صاحب کمانڈنٹ خاص باغ از ۷ ردسمبر
۱۹۳۸ء حسب رپورٹ صیغہ فائنانس
بدیں صراحت کہ جس قدر رقم بطور پنشن
غیر مستقل لفٹنٹ صاحب نے پائی ہے
مستقل پنشن سے محسوب ہوگی۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ ریٹائرڈ لفٹنٹ محمد جان خاں
کی مستقل پنشن ۷ ردسمبر ۱۹۳۸ء سے چونتیس روپیہ
ماہوار منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وحکم

حکم:- واقع ۲۶ رجنوری ۱۹۳۹ء

وزیدہ عرضداشت عالیمرتبت صاحب آرمی
منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری
مستقل پنشن مبلغ بیالیس روپیہ چودہ آنہ ماہوار
لفٹنٹ کرنل عبدالکریم خاں صاحب سابق ملٹری
سکریٹری از ۲۰ رمارچ ۱۹۳۸ء حسب رپورٹ
صیغہ فائنانس بدیں صراحت کہ لفٹنٹ
کرنل صاحب نے جو رقم بطور پنشن غیر مستقل
پائی ہے مستقل پنشن سے محسوب ہوگی۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ لفٹنٹ کرنل عبدالکریم خاں
سابق ملٹری سکریٹری کی مستقل پنشن ۲۰ رمارچ ۱۹۳۸ء
سے بیالیس روپیہ چودہ آنہ ماہوار منظور ہے۔ سررشتہ
صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وحکم

روبکار:- واقع ۲۲ رجنوری ۱۹۳۹ء

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وحکم
عالیمرتبت مسٹر آر۔ ایچ بیلوے صاحب ریونیو
فائنانس منسٹر بہادر صحت یاب ہو کر کل رامپور آگئے ہیں
کل سے وہ صیغہ جات متعلقہ کا کام انجام دینگے۔ عالیمرتبت صاحب
چیف منسٹر بہادر بکار سرکار باہر گئے ہیں تا واپسی انکا کام بھی
عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر انجام دینگے۔ عالیمرتبت
صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کے زمانہ علالت میں جو کاغذات اوپر کی
سے صیغہ جات کو برائے تکمیل واپس کئے گئے ہیں وہ اب پھر صدر حکم کے واسطے
انہیں میں پیش کئے جائیں۔
حکم ہوا کہ
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔